سوال

(30) جسم کے کس کس حصے کے بال صاف کئے جائیں

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

جسم کے کس کس حصے کے بال صاف کئے جائیں، نیز زیر ناف بالوں کو کتنے دنوں بعد صاف کرنا چاہیے۔

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

بغلوں کے بال صاف کرنا اور اسی طرح زیر ناف بالوں کو اتارنا امور فطرت سے ہے۔ (صحیح البخاری الاستیذان 6297)

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ اس قسم سے بالوں کو صاف کرنے کے لئے زیادہ سے زیادہ چالیس دن کی مدت مقرر ہے۔ لہذا چالیس دن سے پہلے پہلے ان کی صفائی ضروری ہے۔ (نسائی الطہارۃ 14)

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاوی اصحاب الحدیث

جلد:1 صفحہ:70